متاعِ فکرونظر، عثمان غنی عادل۔ ناشر: فاران بک ڈپو' ۸ وہائٹ ہاؤس' سی ایس ٹی روڈ' کرلا (ویسٹ) ممبئی-۰۷۔ صفحات: ۳۵۶۔ قیمت: ۱۵۰ روپے بھارتی۔

یہ کتاب متفرق مضامین' مصاحبوں اور تبصروں وغیرہ کا مجموعہ ہے۔ ان میں سے اکثر بھارت کے مختلف رسائل و جرائد میں زیورِ طباعت سے آراستہ ہوچکے ہیں۔ کتاب میں موضوعات کا پھیلاؤ زیادہ ہے جو بعض صورتوں میں گراں محسوس ہوتا ہے تاہم مجموعی طور پر یہ ایک مثبت علمی اور فکری کاوش ہے۔

مصنف نے معاصر مسلم دنیا کے مسائل کا گہرائی کے ساتھ مطالعہ کیا ہے اور ان کے حل کے لیے تجاویز بھی دی ہیں۔ ان کا نقطۂ نظر ہے کہ ہمیں فروعی اختلافات اور ایک دوسرے کی خامیوں اور کمزوریوں کو اُچھالنے کے بجاے اپنی توانائیاں اتحادِ اُمت کے لیے وقف کرنی چاہییں۔ سید ابوالحسن علی ندوی اور شیخ عبدالبدیع صقر کے مختصر مصاحبے بھی شامل ہیں۔ شاہ ولی اللہ دہلوی' مولانا احمد رضا خاں بریلوی' مولانا ابوالکلام آزاد' سید ابوالاعلیٰ مودودی اور شیخ مولانا محمد زکریا وغیرہ کی خدمات کا ناقدانہ جائزہ لیا گیا ہے۔

کتاب کے ایک حصّے کا رنگ ادبی اور صحافتی ہے۔ چنانچہ میڈیا اور تعلیم کے مسائل سے لے کر زبان وادب کے مسائل' تعارف کتب' خطوط بنام مدیرانِ جرائد' سوال نامہ اور تبصرۂ معاصرین جیسی متنوع تحریروں کو شاملِ متن کیا گیا ہے۔ اس سے ربط و ترتیب کی موزونیت متاثر ہوئی ہے۔ اگر مصنف اس کتاب کے مندرجات کو ایک سے زائد الگ الگ حصوں کی زینت بناتے تو زیادہ موزوں ہوتا۔ (سلیم اللہ شاہ)

بچوں کی صحافت کے سو سال، مرتب: ضیاء اللہ کھوکھر۔ ناشر: عبدالحمید کھوکھر' یادگار لائبریری' ۸۳-بی' ماڈل ٹاؤن' گوجرانوالہ۔ صفحات: ۱۱۰۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔

علمی وادبی اور دینی و مذہبی رسائل کی بہت سی فہرستیں مرتب کی گئی ہیں (اور ان کے متعدد اشاریے بھی)' مگر بچوں کے رسائل کی یہ پہلی فہرست ہے جو عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری گوجرانوالہ میں ۲۰۰۲ء تک موجود ۲۰۰ سے زائد رسائل کی توضیحی فہرست ہے' یعنی اس میں ہر رسالے